سوال

(153) نماز فرض میں اگر سنتیں نہ پڑھی جائیں تو الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز فرض میں اگر سنتیں نہ پڑھی جائیں تو فرضی نماز میں کوئی نقص وارد ہوا یا نہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں ہے اگر فرائض میں نقص ہوگا۔ تو اس کو سنن اور نوافل سے پورا کیا جائے گا۔ اور ظاہر ہے کہ نماز کو شرائط اور ارکان وسنن سے ادا کرنا اور اس کے ظاہری اور قلبی حقوق ادا کرنے میں تغافل ہو ہی جاتا ہے۔ اس لیے سنن اور نوافل کا یقینی طور پر نہیں تو نوعی طور پر لازم ہو ہی جاتی ہے۔

مولانا حافظ محمد صاحب گوندلوی گوجرانوالہ

(الاعتصام جلد ۱۲، ش ۱۲)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 241

محدث فتویٰ